ملحق باحرنجم	اِفْعِنْلَال ۱	اَلْاِقْعِنْسَاسُ	بزیادتِ نون بعد عین و تکرار لام	بہت پیچھے رہنا	گردان مثل احرنجم رباعی مزید فیہ با ہمزۂ وصل
	اِفْعِنْلَاء ۲	اَلْاِسْلِنْقَاءُ	بزیادتِ نون بعد عین و الف بعد لام	چت لیٹنا	〃

۴ تَقَلْسىٰ يَتَقَلْسىٰ تَقَلْسِيًا ۔ وافلنقی ۱۲
اِسْلَنْقىٰ يَسْلَنْقِي اِسْلِنْقَاءً ۔ ف باب افعنلاء وقلسی ۲ ونحوہ من
[illegible] داوی کی جگہ واو لیسبب [illegible] صیغوں ابن کا [illegible] ۱۲

تیسرا باب خواص ابواب مین

واضح ہو کہ ہر ایک باب کی ابواب مرقوم الصدر مین سے جدا جدا خاصیتین ہین کہ ہر ایک مادہ اونمین جا کر ویسی ہی خاصیتین پیدا کر لیتا ہی — اگرچہ ماضی مفتوح العین کے خواص غیر محصور ہین مگر بعض اکثری اونمین سے بیان کیے جاتے ہین

باب	نام	معنی خاصیت	مثال
نصر ینصر	مُغالبہ	باب مفاعلہ کے کسی صیغے کے بعد واسطے اظہار غلبہ احد الطرفین کے اوسی مادے کا کوئی صیغہ نصر ینصر سے لانا	خَاصَمَنِي زَيْدٌ فَخَصَمْتُهٗ ويُخَاصِمُنِي عَمْرٌو فَاَخْصِمُهٗ
ضرب یضرب	مُغالبہ	بشرطیکہ مثال یائی اجوف یائی یا ناقص یائی ہو کیونکہ یہ اقسام نصر ینصر سے نہین آتے	وَازَنَنِي زَيْدٌ فَوَزَنْتُهٗ يُرَامِيْنِي بَكْرٌ فَاَرْمِيهِ يُبَايِعُنِي خَالِدٌ فَاَبِيْعُهٗ —

سَمِعَ یَسْمَعُ	اس باب سے اکثر غم اور شادی اور عیوب ظاہری و باطنی اور حلیے کے الفاظ آتے ہین جیسے حَزِنَ فَرِحَ سَقِمَ عَوِرَ حَمِقَ کَدِرَ عَجِفَ
فَتَحَ یَفْتَحُ	اس باب سے وہ مصادر آتے ہین جنکے عین کلمے یا لام کلمے کی جگہ حرف حلقی ہو یعنی ء ہمزہ ہا و حا و خا و عین و غین —— اور آبیٰ یابیٰ اور قلیٰ یقلیٰ بھی باب شاذ ہین ——
کَرُمَ یَکْرُمُ	اس باب سے ہمیشہ خلقی صفتین آتی ہین جو لازم طبیعت ہین یہی سبب ہے کہ یہ باب لازم ہے اور یہی سبب ہے کہ اسم فاعل اس باب کا فاعِل کے وزن پر نہین آتا (جو حدوث اور تجدد پر دلالت کرتا ہے) بلکہ صفت مشبہہ کے وزن پر آتا ہے جسمین ثبوت اور رسوخ پایا جاتا ہے جیسے حَسِیْنٌ شُجَاعٌ کَرِیْمٌ بَخِیْلٌ جَبَانٌ اور اسی مین داخل ہین وہ صفتین جو بسبب ملکہ کے ثبوت اور رسوخ مین مثل طبعی ہوگئی ہون جیسے فَقِیْہٌ —— اور لون اور حلیے کے الفاظ بھی اس باب اور سَمِعَ یَسْمَعُ مین مشترک ہین جیسے حَمُقَ اَدُمَ رَعُنَ سَمُرَ احمق ہوا ۱۲ گندم گون ہوا ۱۲ احمق ہوا ۱۲ گندم گون ہوا ۱۲

نام باب		نام خاصیت	معنی خاصیت	مثال
اِفعَال	۱	تعدیہ	لازم متعدی ہوجانا ہے	ذَھَبَ زَیدٌ سے اَذھَبتُ زَیدًا
.		.	اور متعدی بیک مفعول	شَرِبَ زَیدٌ مَاءً سے — زید نے پانی پیا ۱۲
.		.	متعدی بدو مفعول ہوجاتا ہے	اَشرَبَ زَیدٌ عَمرًا مَاءً — زید نے عمرو کو پانی پلایا ۱۲
.		.	اور متعدی بدو مفعول	عَلِمتُ زَیدًا فَاضِلًا سے
.		.	متعدی بسہ مفعول	اَعلَمتُ عَمرًا زَیدًا فَاضِلًا
.	۲	وِجدان	کسی شی کو موصوف	اَبخَلتُ زَیدًا —
.		.	بماخذ پانا	
.	۳	مبالغہ	زیادت و کثرت ماخذ	اَثمَرَ النَّخلُ —
.	۴	سلب	کسی شی سے ماخذ کو زائل کرنا	شَکٰی زَیدٌ فَاَشکَیتُہٗ —
.		.	یا ماخذ کا زائل ہونا	اَفلَسَ زَیدٌ —
.	۵	تعریض	کسی شی کو ماخذ میں لیجانا	اَبَعتُ الثَّوبَ —
.	۶	تصییر	کسی شی کو صاحب ماخذ بنانا	اَنعَلتُ النَّعلَ ای جعلتہ ذا شراک
.	۷	اعطای ماخذ	کسی شی کو ماول ماخذ دینا	اَشوَیتُ زَیدًا ای اعطیتہ شِواءً
.	۸	حینونت ماخذ	وقت ماخذ کا قریب ہونا	اَحصَدَ الزَّرعُ —
.	۹	بلوغ	آنا ماخذ میں یا جانا ماخذ کی	اَصبَحَ زَیدٌ اَعرَقَ عَمرٌو —
.		.	طرف یا پہونچنا ماخذ میں	اَشاَمَ خَالِدٌ —
.	۱۰	لیاقت	سزاوار مدلول ماخذ ہونا	اَلَامَ زَیدٌ

نام باب		نام خاصیت	معنی خاصیت	مثال
اِفعَال	۱۱	صیرورت	صاحب ماخذ ہونا۔ یا	اَلبَنَ الاِبِلُ ای صارذالبن
.		.	ماخذ مین ہونا۔ یا صاحب	اَخرَفَتِ الشَّاۃُ
. .		.	موصوف بماخذ ہونا	اَجرَبَ زَیدٌ ای صارذا ابل جربی
.	۱۲	ابتدا	فعل کا اس باب سے ابتداءً آنا بدون اسکے کہ ثلاثی مجرد سے اس معنی مین آیا	اَشفَقَ زَیدٌ + ڈرا زید ۱۲
.	۱۳	مطاوعت فعل و فعّل	یعنی قبول اثر فاعل فعل و فعّل	قَشَّعَتِ الرِّیحُ السَّحَابَ فَاَقشَعَ
.		.	.	کَبَّبتُہٗ فَاَکَبَّ اوسکو مین نے اوندھے منہ گرایا سو وہ اوندھے ۱۲
.		.	.	بَشَّرتُہٗ فَاَبشَرَ اوسے مین نے خوشخبری سنائی سو وہ خوش ہوا ۱۲
تَفعِیل	۱	تعدیہ	.	نَزَلَ زَیدٌ وَنَزَّلتُہٗ اوترا زید ۱۲ اوتارا مین نے ویسے
.	۲	تصییر	صاحب ماخذ کر دینا	وَتَّرتُ القَوسَ ای جعلتہ ذا وتر
.	۳	سلب ماخذ	.	قَرَّدتُ الاِبِلَ وَجَلَّدتُ الشَّاۃَ
.	۴	صیرورت	.	نَوَّرَ الشَّجَرُ ای صارذا نور
.	۵	بلوغ	.	عَمَّقَ زَیدٌ وَخَیَّمَ عَمرٌو
.	۶	مبالغہ	. .	مَوَّتَتِ الاِبِلُ صَرَّحَ الاَمرُ
.	۷	نسبت بماخذ کرنا	.	فَسَّقتُ زَیدًا وَکَفَّرتُ عَمرًا
. .	۸	الباس ماخذ	[illegible]	جَلَّلتُ الفَرَسَ قَمَّصتُ عَمرًا قمیص پہنایا مین نے عمرو کو
.	۹	تخلیط بماخذ	[illegible]	ذَهَّبتُ الاِنَاءَ فَضَّضتُ القَدَحَ

نام باب		نام خاصیت	معنی خاصیت	مثال
تفعیل	۱۰	تحویل	موصوف بماخذ یا مثل	نصّرَ زیدٌ عمرًا
.		.	ماخذ بنانا	وخیّمتہٗ مثل خیمے کے بنایا میں نے اسکو ۱۲
.	۱۱	قصر	مرکب سے ایک	هلّلَ (لا الٰہ الا اللہ کہا ۱۲) کبّرَ (اللہ اکبر کہا ۱۲) سبّحَ (سبحان اللہ کہا ۱۲)
.		.	کلمہ اشتقاق کرلینا	
تفعّل	۱	مطاوعت فعّل	.	قطّعتہٗ فتقطّعَ میں نے اوسے کاٹا تو وہ کٹ گیا ۱۲
.		.		نزّلتہٗ فتنزّلَ میں نے اوسے اوتارا تو وہ اوتر آیا ۱۲
.	۲	تکلّف	تصنّع بماخذ	تجوّعَ تکوّفَ تعرّبَ تکلف بھوکا یا کوفی یا عربی
.		.		تہنّدَ تمغّلَ تمرّضَ یا ہندی یا مغل یا مریض بن گیا ۱۲
.	۳	تجنّب	یعنی ماخذ سے پرہیز و	تأثّمَ گناہ سے پرہیز کیا ۱۲
.		.	کنارہ کرنا	
.	۴	لبس ماخذ	.	تختّمَ تقمّصَ تعمّمَ انگوٹھی پہنی ۱۲ قمیص پہنا ۱۲ عمامہ باندھا ۱۲
.	۵	استعمال ماخذ	.	تدهّنَ تترّسَ ڈھال کو کام میں لایا ۱۲ روغن کو استعمال میں لایا ۱۲
.	۶	اتخاذ	ماخذ بنالینا کسی چیز	توسّدَ الحجرَ ای جعلہ
.		.	کو	وسادۃً پتھر کو تکیہ بنایا ۱۲
.		.	یا لینا ماخذ کا۔	تجنّبَ کنارہ کیا ۱۲
.			یا کسی چیز کو ماخذ میں لینا	تأبّطَ الثوبَ ای جعلہ فی
.		.		الابط کپڑا بغل میں لیا ۱۲

نام باب		نام خاصیات	معنی خاصیت	مثال
تفعُّل	۷	تدریج	بتدریج عمل میں لانا ماخذ کا	تجرّع تحفّظ بتدریج حفظ کیا۱۲ جرعہ جرعہ پیا۱۲
.	۸	تحوّل	عین ماخذ یا مثل ماخذ ہوجانا	تنصّر زیدٌ تحجّر عمروٌ
.	۹	صیورت	.	تموّل زیدٌ زید مالدار ہوگیا۱۲
.	۱۰	ابتدا		تکلّم عمروٌ کلام کیا عمرو نے۱۲
مُفاعلة	۱	مشارکت	یعنی اگرچہ ظاہر میں ایک فاعل اور ایک مفعول ہو مگر واقع میں دونوں فاعل اور دونوں مفعول ایک دوسرے کے ہوں۔	قاتل زیدٌ عمراً۱۲ وجادلہ۔
.	۲	بمعنی مجرد	.	سافر زیدٌ سفر کیا زید نے۱۲
.	۳	بمعنی افعل	.	باعدتُہ ای ابعدتُہ دور کیا میں نے اسکو۱۲
.	۴	و فعّل	.	ضاعفتُ الشیٔ ای ضعّفتُہ دوچند کیا میں نے اسکو
تفاعُل	۱	تشارک فاعلیت مفعولیت میں	.	تقاتل زیدٌ وعمروٌ زید وعمرو نے آپس میں لڑائی کی
.	۲	تخییل	دوسرے کو دکھانا کہ ماخذ مجھ میں حاصل ہے	تمارض زیدٌ زید نے اپنے تئیں بیمار دکھایا۱۲
.	۳	مطاوعت فاعل	.	باعدتُہ فتباعد۔
.	۴	ابتدا	.	تبارک اللہ بہت بابرکت ہے خدا تعالی۱۲

نام باب		نام خاصیت	معنی خاصیت	مثال
اِفْتِعَال	١	اتخاذ	.	[illegible] اِحْتَجَرَ زَیْدٌ وَاعْتَضَدَہٗ
.	٢	تصرف	یعنی کوشش کرنا	اِکْتَسَبَ الْعِلْمَ کوشش سے علم حاصل کیا ١٢
.	.	.	تحصیل ماخذ میں	.
.	٣	تخییر	اپنے لیے ماخذ کو عمل میں لانا	اِکْتَالَ الشَّعِیْرَ اوسنے جو اپنے لیے ناپ لیے ١٢
	٤	مطاوعت فعل	.	غَمَمْتُہٗ فَاغْتَمَّ میں نے اوسے غمگین کیا سو وہ غمگین ہوگیا ١٢
اِسْتِفْعَال	١	طلب ماخذ	.	اِسْتَطْعَمْتُہٗ وَاسْتَغْفِرُ اللہَ میں نے اوس سے کھانا مانگا اور میں خدا سے بخشش مانگتا ہوں ١٢
.	.		.	وَاسْتَعِیْنُ بِہٖ اور اوس سے اعانت چاہتا ہوں ١٢
.	٢	قبول ماخذ	.	اِسْتَرْقَعَ الثَّوْبُ کپڑا قابل پیوند کے ہوگیا ١٢
.	٣	وجدان	.	اِسْتَکْرَمْتُہٗ وَاسْتَبْخَلْتُہٗ میں نے اوسکو کریم پایا ١٢ میں نے اوسے بخیل پایا ١٢
.	٤	حسبان	کسی شی کو موصوف بماخذ گمان کرنا	اِسْتَحْسَنْتُہٗ اِیْ ظَنَنْتُہٗ حَسَنًا میں نے اوسے نیک گمان کیا ١٢
.	٥	تحول	.	اِسْتَحْجَرَ الطِّیْنُ مٹی پتھر ہوگئی ١٢
.	.	.	.	اِسْتَنْوَقَ الْجَمَلُ اونٹ ناقہ ہوگیا ١٢
.	٦	اتخاذ	.	اِسْتَوْطَنَ الْقَرْیَۃَ گانون کو وطن بنالیا ١٢
.	٧	قصر	.	اِسْتَرْجَعَ اَیْ قَالَ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا
.	.	.	.	اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ یعنی انا للہ وانا الیہ
.	.	.	.	راجعون کہا ١٢
.	٨	مطاوعت افعل	.	اَقَمْتُہٗ فَاسْتَقَامَ میں نے اوسکو قائم کیا سو وہ قائم ہوگیا ١٢

نام باب		نام خاصیت	معنی خاصیت	مثال
اِنْفِعَالٌ	۱	یہ فعل لازم ہوا اور	.	کسر وانکسار
	۲	اکثر اسکے افعال	.	قطع وانقطاع
		افعال جوارح ہوتے	.	ھدم وانھدام
		ہین جیسے	.	
	۳	مطاوعتِ فَعَلَ	.	کَسَرْتُہٗ فَانْکَسَرَ مین نے اوسے توڑا سو ٹوٹ گیا ۱۲
		وافعل	.	قَطَعْتُہٗ فَانْقَطَعَ مین نے اوسے کاٹا سو کٹ گیا ۱۲
			.	اَغْلَقْتُ الْبَابَ فَانْغَلَقَ بند کیا مین نے دروازہ سو بند ہوگیا ۱۲
	۴	ابتدا جیسے	.	اِنْھَمَکَ مستغرق ہوا ۱۲
اِفْعِلَالٌ و اِفْعِیلَالٌ		یہ دونون باب	.	اِعْوَرَّ۔ اِحْوَلَّ۔ اِعْوَجَّ
	۱	لازم ہین اور	.	
		مبالغہ اور عیب	.	اِحْمَارَّ۔ اِبْلَاقَّ۔ اِبْیَاضَّ۔
		انکے لیے اکثر آتا ہی	.	
اِفْعِیعَالٌ	۱	یہ بھی اکثر مبالغے	.	اِخْشَوْشَنَ نہایت سخت ہوا ۱۲
		کے لیے آتا ہی	.	
	۲	مطاوعتِ فَعَّلَ	.	اَحْلَیْتُہٗ فَاحْلَوْلٰی۔
اِفْعِوَّالٌ	۱	اقتضاب	.	اِجْلَوَّذَ۔ اِعْلَوَّطَ اونٹ کی گردن لٹک گیا تیزی سے دوڑا ۱۲
فَعْلَلَۃٌ	۱	قصر	.	حَوْقَلَ بَسْمَلَ حَمْدَلَ الحمد للہ کہا ۱۲

[illegible]

نام باب		نام خاصیت	معنی خاصیت	مثال
فَعْلَلَةٌ	۲	الباس ماخذ	۰	بَرْقَعْتُهٗ برقع پہنایا میں نے اسکو ۱۲
۰	۳	تعمل بماخذ	۰	زَعْفَرَ الثَّوْبَ کپڑا زعفرانی [illegible]
۰	۴	اتخاذ ماخذ	۰	عَسْكَرَ و قَنْطَرَ پل بنایا ۱۲ لشکر بنایا ۱۲
تَفَعْلُلٌ	۱	تحول بماخذ	۰	تَزَنْدَقَ زید زندیق ہوگیا ۱۲
	۲	تعمل بماخذ	۰	تَبَرْقَعَ زَيْدٌ زید نے برقع پہنا ۱۲
	۳	مطاوعت فعلل	۰	دَحْرَجْتُهٗ فَتَدَحْرَجَ میں نے اسکو ڈھلایا [illegible]
اِفْعِلَّالٌ و اِفْعِنْلَالٌ	۱	مبالغہ	۰	اِشْمَأَزَّ اِسْحَنْضَرَ نہایت مشتابی کی ۱۲ نہایت منقبض ہوا ۱۲
	۲	اقتضاب منہ ہو کہ بالکل تعلق مجرد یا مادہ مستعمل نہو اور ابتدا وہ مستعمل ہو مگر ان معنی میں جیسے اشلق	۰	اِجْرَنْفَظَ اِشْرَأَبَّ چوکنا ہوا ۱۲ منقبض ہوا ۱۲

چوتھا باب تعلیلات کے اصول کلیہ اور بعض اختلاس کے بیان مین

ہم اوپر لکھہ چکے ہین کہ تعلیل حرف علت کی ثقالت دور کرنے سے عبارت ہی
اور واو ی الف کو حروف علت اسلیے کہتے ہین کہ بیمارون کی
طرح ضعیف ہین اور حرکت قوی کے متحمل نہین ہو سکتے اور در صورت
ثقالت ہمیشہ معالجہ مناسب کے محتاج ہین اور ضعیف ترین اور خفیف ترین
انمین سے الف ہی کہ کوئی حرکت قبول نہین کرسکتا ہمیشہ ساکن سبب ضعف
زبان ہوتا ہی اور جس الف پر حرکت ہوتی ہی یا ساکن جھٹکے سے پڑھا جاتا ہی
وہ فی الحقیقۃ ہمزہ ہی الف نہین اور الف اصلی کلام عرب مین سوا
حروف و اسمای غیر متمکنہ کے افعال و اسمای متمکنہ مین کہین نہین آیا جہان
آیا ہی یا زائدہ ہی یا واو ی سے بدلا ہوا باقی رہے واو ی ان دونون پر
ضمہ و کسرہ دشوار ہوتا ہی فتحہ نہین لان الفتحۃ اخف الحرکات
حروف علت کے ماقبل جب حرکت مخالف آتی ہی یا بعد فتحے کے متحرک واقع
ہوتے ہین یا اور کوئی سبب واقع ہوتا ہی یا دو حرف علت ایک جگہہ جمع ہوجاتے ہین
اور کوئی مد نہین ہوتا تو انمین ایک طرح کی ثقالت آجاتی ہی اور یہ ثقالت
دور کرنے کے چار طریق مقرر ہین۔

اول حذف	خواہ بعلت جزمی ہو جیسے ارم و ادع وغیرہ مین یا بعلت اجتماع ساکنین لفظی جیسے دعت لم یقل وغیرہ مین

	یا تقدیری جیسے دعتا مین یا تنوینی جیسے رامٍ وغیرہ مین خواہ حذف ایک حرف کا ہو جیسے یعِدُ وغیرہ مین بعلت واقع ہونے واو ساکن کے درمیان یای مفتوح و کسرۂ لازم یا دو حرف کا جیسے نقی سے قِ مین اور خواہ بعلت استغنا ہو جیسے قل وغیرہ مین بعد نقل حرکت بسبب متحرک ہو جانے ف کلمے کے ہمزہ کی حاجت نرہی اور حذف کیا گیا خواہ حذف صرف ہو جیسا کہ گذرا یا حرف محذوف کے بدلے آخر مین کوئی حرف زیادہ کیا جاوے جیسے عدۃ اور تسمیۃ اور استقامۃ مین اور اسکو زیادت بعوض بھی کہتے ہین —
دوم اسکان	اور ساکن کرنا کبھی صرف باسقاط حرکت ہوتا ہے جیسے یدعُو یرمِي مین اور کبھی بنقل حرکت اور یہ بھی دو طرح پر ہے کبھی حرف ساکن کی طرف حرکت نقل کیجاتی ہے جیسے یقول یبیع مین اور کبھی متحرک کی طرف اوسکی اصلی حرکت دور کرکے جیسے قیل اور بیع مین —
سوم ابدال	خواہ ابدال حرف اصلی سے ہو جیسے قال اور باع مین خواہ حرف زائد سے جیسے ضارب سے ضُوْرِب مین خواہ حرف مبدل سے جیسے یدعَی مین واو ہی سے

	بدلا اور ی الف سے اور ابدال کی دو قسمین ہین ابدال بحرف اور ابدال بحرکت۔
ابدال بحرف	کی دس صورتین ہین تبدیل الف کی تبدیل یٔ کی تبدیل واو تبدیل واو و ی کی بالاشتراک۔
۱	بعد ضمے کے الف کا واو ہو جانا جیسے قاتل سے قوتل
۲	بعد ضمے کے ی کا واو ہو جانا جیسے ایقن سے یوقن
۳	بعد کسرے کے واو ساکن کا ی ہو جانا جیسے میزان وایجل وایعاد واستیقاد مین۔
۴	بعد کسرے کے واو متحرک کا ی ہو جانا جیسے دُعِیَ
۵	بعد فتحے کے واو ی متحرک کا الف ہو جانا خواہ ماقبل کا فتحہ اصلی ہو جیسے قال دعی وغیرہ مین۔
۶	خواہ اسی حرف علت کا فتحہ ماقبل کو دیا گیا ہو جیسے یخاف اقامۃ مستغاث وغیرہ مین۔
۷	بعد الف زائد کے واو ی متحرک کا ہو طرف یا حکم طرف مین واقع ہون ہمزہ ہو جانا جیسے قائل بائع والقاء وغیرہ
۸	واو ی کا مثال مین تا ی افتعال سے بدل کر ادغام ہو جانا جیسے اتّحاد اور اتّسار۔

ف واضح ہو کہ اس قاعدے مین اور بعض دیگر قواعد مین کچھ کچھ شروط اور قیود بھی ہین وہ بنظر خوف درازی و بسبب طوالت کلام اس مقام مین نہین ذکر کی گئین ۱۲

19429

۹	واو اصلِ کلمہ مین تیسرا ہوا اور پھر چوتھا آیا پانچوان یا چھٹا ہو جاوے اوسکا ی ہو جانا جیسے یدعیٰ مصطفیٰ مستلقی۔
۱۰	جہان کہین واو ی جمع ہو جاوین اور اونمین سے پہلا حرف ساکن ہو وہان عموماً واو کا ی ہو کر ی مین ادغام ہو جانا جیسے مرموی سے مرمیؔ سیود سے سید وغیرہ۔
اور ابدال حرکت	کبھی بلا حذف کسی حرف کے ہوتا ہی مثلاً یای مشدد کے ماقبل کا ضمہ کسرے سے بدلنا جیسے مرمی مین۔ یا جس اسم کے اخیر مین واو متحرک اور ماقبل اوسکے ضمہ ہو تو اوس ضمے کو کسرے سے بدل دینا جیسے تلقی اور تلاقی مین ہوا اور کبھی حرکت اسواسطے بدلی جاتی ہی کہ حرف محذوف پر دلالت کرے مثلاً ف کلمے کا فتحہ قلن مین ضمے سے بدلا گیا تا دلالت کرے حذف واو پر کیونکہ واو اخت ضمہ ہی اور بعض مین کسرے سے بدلا گیا تا دلالت کرے حذف یا پر کیونکہ ی اخت کسرہ ہی۔ اور کبھی تبدیل حرکت اسواسطے کیجاتی ہی کہ حرف محذوف حرکت پر یا باب پر دلالت کرے جیسے خفن مین ہوا۔ اور واضح ہو کہ اکثر صیغون مین کئی کئی طریق رفع ثقالت کے

جمع ہوتے ہیں مثلاً قیل مین نقل حرکت + ابدال حرف
قُلْنَ ماضی معروف مین ابدال حرف + حذف + ابدال حرکت
قُلْنَ امر مین نقل حرکت + حذف حرف اصلی + حذف حرف زائد
یُخَافُ مین نقل حرکت + ابدال +
مَبِیعٌ مین نقل حرکت + حذف + ابدال حرکت + ابدال حرف
مَرْمِیٌّ مین ابدال حرف + ابدال حرکت + ادغام +
اِستقامۃ مین نقل حرکت + حذف + زیادت بعوض +
تسمیۃ مین ابدال حرف + حذف + زیادت بعوض +
تَلَقٍّ مین ابدال حرکت + ابدال حرف + حذف +
مستلقی مین ابدال حرف اصلی + ابدال حرف مبدل + حذف
وعلیٰ ہذا القیاس

چہارم ادغام

جیسے مَدٌّ عَدُوٌّ + طَیٌّ + مَرْمِیٌّ + مین قاعدہ کلیہ ادغام کا یہ ہے
کہ جب دو حرف صحیح یا غیر صحیح ایک جنس کے جمع ہون اور دوسرا
متحرک ہو تو ادغام واجب ہوتا ہے خواہ پہلا حرف ساکن ہو
جیسے مَدٌّ + یا متحرک ہو اور اوسکی حرکت ساقط کیجاوے
جیسے مَدَّ مین + یا بسبب سکون ماقبل کے ماقبل کو
دیجاوے جیسے یَمُدُّ مین + اور جو دوسرا حرف ساکن بسکون

	لازم ہی تو ادغام منع ہی جیسے شُلکُن اور بمد دن مین۔ آور جو ساکن بسکون عارض ہی تو ادغام اور فک ادغام دونون جائز ہین جیسے لم یمدُّ مین بیان ہو چکا۔
اجتماع ساکنین	دونون ساکن ایک جنس سکے ہون تو دوسرے کو حرکت دیجاتی ہی جیسا اجرّ لم یمدِّ۔ یا اول مین ہمزہ وصل لایا جاتا ہی جیسے اِفْعَلّ اور افْعَلّ مین ہوا۔ آور کبھی ساکن اول کو بھی حرکت دیجاتی ہی جیسے اختصم یختصم سے خَصَّمَ یَخِصِّمُ مین گذرا۔ آور دونون ساکن دو جنس سکے ہون تو صرف دو صورتون مین اجتماع ساکنین جائز ہی ایک تو حالت وقف مین جیسے زید + بکر + یعلمون + صادقین + صالحات + دوم جب ساکن اول حرف مدہ یا لین ہو اور ساکن ثانی مدغم اور کلمہ ایک ہو جیسے تمادّ + تموّد + اُمدِیْلَّ + خاصّۃ خُوَیْصَّۃ۔ یا دو کلمے ہون مثل ایک کلمے سکے اور ساکن اول سکے حذف سے صورت کلمے کی بگڑتی ہو جیسے اضربانِّ + لیضربانِّ + آور جو حذف سے صورت نہ بگڑتی ہو تو حرف مدہ حذف

کیا جاتا ہو جیسے اضربُنّ اضربِنّ اور حرف لین کو حرکت مناسب
اوسکے دیجاتی ہی یعنی واو کو ضمہ ی کو کسرہ خواہ ایک کلمہ ہو
جیسے اِخشَوُنّ واخشَیِنّ یا جدا جدا دو کلمے ہون
جیسے اتقوا اللہ وارمی القوم دعوُا اللہ واخشَیِ القوم
اور ساکن ثانی مدغم نہو اور کلمے دو ہون تو ساکن اول کو مطلقاً
حرکت دیجاتی ہی جیسے اِذْهَبِ اذْهَبْ وخذ الشیٔ
اَوِ الثمنَ ومِنَ القوم وعَنِ الدّار اور ایک کلمہ ہو تو مطلقاً
حرف علت حذف کیا جاتا ہی خواہ اجتماع ساکنین لفظی ہو
جیسے دعَتْ خواہ تقدیری جیسے دعتا وقُلِ الحقّ
خواہ تنوینی جیسے داعٍ سارٍ وغیرہ

سوال قل الحقّ مین سے بسبب اجتماع ساکنین تقدیری کے
واو حذف ہوا قولُنّ اور خافَنّ مین بھی اجتماع تقدیری ہی کیونکہ
اصل مین لام کلمہ مجزوم ہی یہان حرف علت کیون نہین حذف ہوا

جواب نون تاکید کا ماقبل مبنی ہوتا ہی پس حرکت راسخہ
ہوگئی عارض نرہی اور قل الحقّ کے لام کا کسرہ عارضی اور
معرض زوال مین ہی

تخفیف ہمزہ کا قاعدۂ کلیہ

بہ نسبت حروف علت کے ہمزہ میں زیادہ ثقالت ہے یہی سبب ہے کہ حرف علت کے ساتھ بدل جانے سے اسکی ثقالت دور ہو جاتی ہے مگر باوجود اس ثقالت کے حروف علت کی طرح ضعیف نہیں ہے اسی سبب سے حرکات قویہ کا تحمل ہو سکتا ہے اور حرف علت نہیں کہلاتا اور زیادہ ثقالت جب ہوتی ہے کہ دو ہمزہ جمع ہو جاتے ہیں اسی سبب سے جہاں دو ہمزہ جمع ہوں تخفیف واجب اور ضروری ہے اور جہاں ایک ہمزہ ہو تخفیف کرنے نکرنے کا اختیار ہے کیونکہ اسکو حرکات قویہ کے متحمل ہونے سے فی الجملہ حرف صحیح کے ساتھ بھی ایک طرح کی مناسبت ہے الحاصل دو ہمزہ جمع ہوں تو یا دونوں متحرک ہوں گے یا دوسرا ساکن ہوگا دوسرا ساکن ہو تو تخفیف ضروری کی یہ صورتیں ہیں تین میں تبدیل ہے اور ایک میں حذف۔

۱ بعد فتحے کے الف ہو جانا جیسے اٰمَنَ۔

۲ بعد ضمے کے واو ہو جانا جیسے اُوْمِنَ میں اور اُوْمُرْ میں۔

۳ بعد کسرے کے یے ہو جانا جیسے اِیْمَانًا۔

۴ بسبب کثرت استعمال کے دونوں کا حذف ہو جانا جیسے کل و رخذ میں

اور دونوں متحرک ہوں تو تخفیف واجب کی یہ صورتیں ہیں چار میں تبدیل ہے اور ایک میں حذف

۱ پہلا مکسور ہو تو دوسرے کا یے ہو جانا جیسے جاءٍ و شاءٍ میں۔

۲ دوسرا مکسور ہو تو بھی دوسرے کا ی ہو جانا جیسے أَیِمَّۃٌ أَءِمَّۃٌ سے
۳ دونون مفتوح ہون تو دوسرے کا واو سے بدل جانا جیسے أَوَادِمُ أَاْدِمُ
۴ پہلا مضموم ہو تو بھی دوسرے کا واو ہو جانا جیسے أُوَیْدِمُ اور أُوَیْدِمُ
۵ پہلا مضموم ہو تو دوسرے کا حذف ہو جانا جیسے أُکْرِمُ أُأَکْرِمُ سے

اور جو صرف ایک ہمزہ ہو تو اوسمین تخفیف اختیاری کی یہ صورتین ہین

اگر ساکن ہو تو ۱ بعد فتحہ کے الف ہو جانا جیسے یَامَنُ
۲ بعد ضمہ کے واو ہو جانا جیسے یُوْمِنُ
۳ بعد کسرہ کے ی ہو جانا جیسے مِیْزَرٌ مِئْزَرٌ سے بمعنی تہبند

اگر متحرک ہو اور ماقبل اوسکے حرف صحیح ساکن ۴ تو حرکت اوسکی ماقبل کو دیکر ہمزہ تخفیفاً حذف کیا جاتا ہی خواہ اجتماع ساکنین کا ہو جیسے اِسْأَلْ سے سَلْ مین

۵ یا نہو جیسے یَسْأَلُ سے یَسَلُ مین

اگر متحرک ہو اور ماقبل حرف مدہ ہو تو آئے ہمزہ کو حرف ماقبل واو ہو تو واو سے بدل کر اور ی ہو تو ی سے بدل کر واو کو واو مین اور ی کو ی مین ادغام کر دیا جاتا ہی واو کی مثال مَقْرُوْءَۃٌ سے مَقْرُوَّۃٌ
ی کی مثال خَطِیْئَۃٌ سے خَطِیَّۃٌ

لفیف کی بحث

لفیف مفروق کا استعمال تین باب سے آیا ہی ضرب یضرب سمع یسمع

حسب یحسب اور لفیف مقرون کا صرف ضرب یضرب اور سمع یسمع سے
لفیف مقرون کے عین کلمے مین تعلیل نہین ہوتی اسلیے اوسکی تعلیل اور گردان
بعینہٖ مثل رمی یرمی اور خشی یخشی کے ہو اور لفیف مفروق مین ف کلمے کی تعلیل
مثل باب وعد یعد کے اور لام کلمے کی مثل رمی یرمی اور خشی یخشی کے ہو

صرف صغیر

لفیف مفروق			لفیف مقرون		
ضرب	سمع	حسب	ضرب	سمع	سمع
وقی	وجی	ولی	طوی	حیی یا حیّ	طوی
یقی	یوجی	یلی	یطوی	یحیی یا یحیّ	یطوی
وقایة	وجیا	ولایة	.	حیاء	طیًّا
واقٍ	واجٍ	والٍ یا ولیّ	.	حیّ	طاوٍ
وُقی	وُجی	وُلی	.	حُیی یا حُیّ	طُوی
یُوقی	یُوجی	یُولی	.	یُحیی	یُطوی
وقایة	وجیا	ولایة	.	حیاء	طیًّا
موقیّ	موجیّ	مولیّ	.	محییّ	مطویّ
قِ	ایجَ	لِ	اطوِ	احیَ	اطوَ
لا تقِ	لا توجَ	لا تلِ	لا تطوِ	لا تحیَ	لا تطوَ
موقًی	موجًی	مولًی	مطوًی	محیًی	مطوًی

جنس مرکب کی بحث

جنس مرکب اوسکو کہتے ہین جو مہموز و مضاعف یا مہموز و معتل یا معتل و مضاعف سے مرکب ہو انمین سے جو بعض بعض گردانین کثیر الاستعمال ہین وہ ذیل مین لکھی جاتی ہین تعلیل مرکب مثل مفردات کے ہی اور ابواب مزید فیہ مثل ابواب مزید فیہ کے ہین

مہموز الفا و مضاعف	مثال و مضاعف	اجوف و مہموز اللام			مہموز الفا و ناقص		مہموز العین و ناقص
از نصر	از سمع	از نصر	از فتح	از ضرب	از ضرب	از فتح	از فتح
اَمَّ	وَدَّ	بَاءَ	شَاءَ	جَاءَ	اَتیٰ	اَبیٰ	رَاٰی
یَؤُمُّ	یَوَدُّ	یَبُوْءُ	یَشَاءُ	یَجِیْءُ	یَأْتِیْ	یَأْبیٰ	یَرٰی
اِمَامَةً	وُدًّا یا وِدَادًا	بَوْءً	مَشِیَّةً	مَجِیْئًا	اِتْیَانًا	اِبَاءً	رُؤْیَةً
اِمَامٌ	وَدُوْدٌ	بَاءٍ	شَاءٍ	جَاءٍ	اٰتٍ	اٰبٍ	رَاءٍ
اُمَّ	وُدَّ	.	شِیْئَ	جِیْئَ	اُتِیَ	اُبِیَ	رُئِیَ
یُؤَمُّ	یُوَدُّ	.	یُشَاءُ	یُجَاءُ	یُؤْتیٰ	یُؤْبیٰ	یُرٰی
اِمَامَةً	وُدًّا یا وِدَادًا	.	مَشِیَّةً	مَجِیْئًا	اِتْیَانًا	اِبَاءً	رُؤْیَةً
مَأْمُوْمٌ	مَوْدُوْدٌ	.	مَشِیْءٌ	مَجِیْءٌ	مَأْتِیٌّ	مَأْبِیٌّ	مَرْئِیٌّ یا مَرِیٌّ
اُمَّ یا اُؤْمُمْ	وَدَّ یا اِیْدَدْ	بُؤْ	شَأْ	جِئْ	اِیْتِ	اِیْبَ	رَ
لَاتَؤُمَّ یا لَاتَأْمُمْ	لَاتَوَدَّ	لَاتَبُؤْ	لَاتَشَأْ	لَاتَجِئْ	لَاتَأْتِ	لَاتَأْبَ	لَاتَرَ
مَأَمٌّ	مَوَدٌّ	مَبَاءٌ	مَشَاءٌ	مَاجِیٌّ	مَأْتیً	مَأْبیً	مَرْئیً

سوالات

۱ بَآءٍ مین مهموز کا کون سا قاعدہ جاری ہوا ہے۔

۲ مَشِیئَۃٌ مین کیا تعلیل ہوئی۔

۳ مَآتِیٌّ کی تعلیل کرو۔

۴ اِیْبَ کی کیا تعلیل ہے۔

۵ یُرَاءِ مین کیا تعلیل ہوئی اور کون کون سا قاعدہ جاری ہوا۔

۶ رَ اصل مین کیا تھا اور کیا تعلیل ہوئی۔

۷ رَأی سے امر حاضر معروف بانون ثقیلہ و خفیفہ گردانو۔

۸ امر حاضر مجهول بانون تاکید گردانو۔

۹ اَتٰی یَأْتِیْ سے باب افعال اور استفعال اور افتعال مع تعلیل گردانو۔

۱۰ باب افعال اور استفعال اور افتعال سے رَأی گردانو اور تعلیل بیان کرو۔

پانچوان باب تعلیلات جزئیہ اور اقسام ہفتگانہ مین

کُل افعال و اسما چار قسم ہین ۱ صحیح + ۲ مہموز + ۳ معتل + ۴ مضاعف -

۱ صحیح وہ ہی جسکے حروف اصلی مین سے کوئی حرف نہ ہمزہ ہو نہ حرف علت نہ دو حرف ایک جنس کے ہون -

۲ مہموز وہ ہی جسکے حروف اصلی مین سے کوئی حرف ہمزہ ہو ف کی جگہ ہمزہ ہو تو ۱ مہموز الفا + عین کی جگہ ہو تو ۲ مہموز العین + لام کی جگہ ہو تو ۳ مہموز اللام + جیسے اَمَرَ + سَأَلَ + قَرَءَ + -

۳ مضاعف وہ ہی جسکے دو حرف اصلی ایک جنس کے ہون ثلاثی مین عین و لام ایک جنس کے ہوتے ہین جیسے مَدَّ + و فَرَّ + اور رباعی مین ف + کلمہ اور لام اول ایک جنس کا ہوتا ہی اور عین کلمہ اور لام ثانی ایک جنس کا جیسے زَلْزَلَ + و تَسَلْسَلَ + -

۴ معتل وہ ہی جسکے حروف اصلی مین سے کوئی حرف حرف علت ہو -

اگر معتل بیک حرف ہی تو اوسکی تین قسمین ہین ۱ معتل الفا و مثال جیسے وَعَدَ و یَسَرَ + ۲ معتل العین و اجوف جیسے قَالَ + بَاعَ + قَوَلَ + بَیَعَ + ۳ معتل اللام و ناقص جیسے دَعَا و رَمٰی -

اور اگر معتل بدو حرف ہی تو اوسکا نام لفیف ہی اور اوسکی دو قسمین ہین ۱ لفیف مفروق جسکے ف + کلمے اور لام + کلمے کی جگہ حرف علت ہو جیسے وَقَی -

لفیف مقرون جسکے عین کلمے و لام کلمے کی جگہ حرف علت ہو جیسے طوی
صحیح کی گردانین باب اول اور دوم مین مذکور ہوئین اس باب مین باقی اقسام ہفتگانہ یعنی
مہموز، مضاعف، مثال، اجوف، ناقص، لفیف مفروق، لفیف مقرون کا بیان ہے

مضاعف کی بحث

مضاعف کی بحث مین صرف چار قاعدے یاد کر لینے کافی ہین وہی باقی صیغون مین جاری ہو سکتے ہین —

اول	مدٌّ کا کہ اصل مین مَدْدٌ تھا دو حرف ایک جنس کے جمع ہوئے اور اول ساکن تھا اول کو دوسرے مین ادغام کیا مدٌّ ہوا
دوم	مدَّ کا کہ اصل مین مَدَدَ تھا دو حرف ایک جنس کے جمع ہوئے اول کو ساکن کرکے دوسرے مین ادغام کیا مدَّ ہوا
سوم	یمدُّ کا کہ اصل مین یمدُدُ تھا دو حرف ایک جنس کے جمع ہوئے اور ما قبل اونکا حرف صحیح ساکن اول کی حرکت ما قبل کو دی اور دوسرے مین ادغام کیا یمدُّ ہوا —
چہارم	لم یمدَّ کا کہ اصل مین لم یمدُدْ تھا دو حرف ایک جنس کے جمع ہوئے اور دوسرا ساکن بسکون عارض تھا چاہا ادغام نکیا اور لم یمدُدْ پڑھا اور چاہا اول کی حرکت ما قبل کو دیکر ادغام کیا اور بسبب

ف: بہ نسبت باقی اقسام کے مضاعف کے قاعدے کمتر اور سہل تر [illegible] منہ دام فیضہ

اجتماع ساکنین سے حرف دوم کو فتحہ یا کسرہ یا درصورت

مضموم ہونے ماقبل کے ضمہ دیا کہ یمدُّ ہوا

اور علی ہذا القیاس مُدِّ + اُمْدُدْ + فِرِّ + اِفْرِرْ + قَرِّ + اِقْرَرْ ۔

اور امر مین قاعدۂ چہارم پر اتنا زیادہ کہنا پڑیگا کہ بسبب متحرک ہونے

ف، کلمے کے ہمزۂ وصل کی حاجت نرہی ۔

اور یہ ادغام اور فک ادغام مضارع کے صرف پیش والے

صیغون مین جائز ہی ۔

اور یمددن اور تمددن مین ادغام ممتنع[سلہ] ہی اور باقی سب

صیغون مین ادغام واجب ہی ۔

سلہ [illegible]

نصر	ضرب	سمع
مَدَّ	فَرَّ	قَرَّ
يَمُدُّ	يَفِرُّ	يَقَرُّ
مَدًّا	فِرَارًا	قَرَارًا
مَادٌّ	فَارٌّ	قَارٌّ
مُدَّ	فُرَّ	قُرَّ
يُمَدُّ	يُفَرُّ	يُقَرُّ
مَدًّا	فِرَارًا	قَرَارًا
مَمْدُودٌ	مَفْرُورٌ	مَقْرُورٌ
مُدُّ + اُمْدُدْ	فِرَّ فِرِّ + اِفْرِرْ	قَرَّ قَرِّ + اِقْرَرْ
لَا تَمُدِّ + لَا تَمْدُدْ	لَا تَفِرَّ لَا تَفِرِّ لَا تَفْرِرْ	لَا تَقَرَّ لَا تَقَرِّ لَا تَقْرَرْ
مَمَدٌّ	مَفَرٌّ	مَقَرٌّ

ثلاثی مزید فیہ کے ابواب کی صرف صغیر

افتعال	استفعال	افعال	انفعال	مفاعلة	تفاعل
اِمْتَدَّ	اِسْتَقَلَّ	اَقَرَّ	اِنْحَلَّ	مَاسَّ	تَحَابَّ
يَمْتَدُّ	يَسْتَقِلُّ	يُقِرُّ	يَنْحَلُّ	يُمَاسُّ	يَتَحَابُّ
اِمْتِدَادًا	اِسْتِقْلَالًا	اِقْرَارًا	اِنْحِلَالًا	مُمَاسَّةً	تَحَابًّا
مُمْتَدٌّ	مُسْتَقِلٌّ	مُقِرٌّ	مُنْحَلٌّ	مُمَاسٌّ	مُتَحَابٌّ
اُمْتُدَّ	اُسْتُقِلَّ	اُقِرَّ	اُنْحُلَّ	مُوسَّ	تُحُوبَّ
يُمْتَدُّ	يُسْتَقَلُّ	يُقَرُّ	يُنْحَلُّ	يُمَاسُّ	يُتَحَابُّ
اِمْتِدَادًا	اِسْتِقْلَالًا	اِقْرَارًا	اِنْحِلَالًا	مُمَاسَّةً	تَحَابًّا
مُمْتَدٌّ	مُسْتَقَلٌّ	مُقَرٌّ	مُنْحَلٌّ	مُمَاسٌّ	مُتَحَابٌّ
اِمْتَدِّ اِمْتَدِدْ	اِسْتَقِلِّ اِسْتَقْلِلْ	اَقِرِّ اَقْرِرْ	اِنْحَلِّ اِنْحَلِلْ	مَاسِّ مَاسِسْ	تَحَابِّ تَحَابَبْ
لَا تَمْتَدِّ لَا تَمْتَدِدْ	لَا تَسْتَقِلِّ لَا تَسْتَقْلِلْ	لَا تُقِرِّ لَا تُقْرِرْ	لَا تَنْحَلِّ لَا تَنْحَلِلْ	لَا تُمَاسِّ لَا تُمَاسِسْ	لَا تَتَحَابِّ لَا تَتَحَابَبْ

سوا افعال اور استفعال کے باقی ابواب سے اسم فاعل اور اسم مفعول صورت میں ایک ہیں اور اصل میں مختلف ۱۲

باب تفعیل اور تفعّل اور باقی ابواب مین ادغام نہین ہوتا ہی جیسے

قَرَّرَ یُقَرِّرُ تَقْرِیْرًا تَقَرَّرَ یَتَقَرَّرُ تَقَرُّرًا اِمْدَوْدَدَ

یَمْدَوْدِدُ اِمْدِیْدَادًا اِمْدَادَّ یَمْدَادُّ اِمْبِیْدَادًا اِمْدَوَّدَ یَمْدَوِّدُ اِمْدِوَّادًا

اور رباعی مضاعف کے بھی کسی باب مین ادغام نہین ہوتا جیسے

زَلْزَلَ یُزَلْزِلُ زَلْزَلَةً تَسَلْسَلَ یَتَسَلْسَلُ تَسَلْسُلًا

ف چونکہ اخشیشان مین عین کلمہ مکرر ہوتا ہی اور

ادہیام مین لام کلمہ اور مضاعف مین عین و لام ایک جنس کا ہوتا ہی

اس سبب سے ان دونون بابون کا مصدر امدید ادہوا

مگر باقی گردان مین فرق ہی

صرف كبير

معروف				مجهول			
مَدَّ	مَدَّا	مَدُّوا	مَدَدْنَ الخ	مُدَّ	مُدَّا	مُدُّوا	مُدِدْنَ الخ
يَمُدُّ	يَمُدَّانِ	يَمُدُّونَ	يَمْدُدْنَ الخ	يُمَدُّ	.	.	يُمْدَدْنَ الخ
لَنْ يَمُدَّ	لَنْ يَمُدَّا	.	لَنْ يَمْدُدْنَ الخ	لَنْ يُمَدَّ	لَنْ يُمَدَّا	.	لَنْ يُمْدَدْنَ الخ
لَمْ يَمُدَّ	لَمْ يَمُدَّا	لَمْ يَمُدُّوا	لَمْ يَمْدُدْنَ الخ	لَمْ يُمَدَّ	لَمْ يُمَدَّا	لَمْ يُمَدُّوا الخ	.
لَيَمُدَّنَّ	لَيَمُدَّانِّ	.	لَيَمْدُدْنَانِّ الخ	لَيُمَدَّنَّ	.	.	لَيُمْدَدْنَانِّ الخ
لَيَمُدَّنْ	لَيَمُدُّنْ	.	لَتَمُدَّنْ الخ	لَيُمَدَّنْ الخ	.	.	.
مُدَّ	مُدَّا	مُدُّوا	اُمْدُدْنَ الخ	لِتُمَدَّ	لِتُمَدَّا	لِتُمْدَدْنَ	.
لِيَمُدَّ	.	.	لِيَمْدُدْنَ لَا تَمُدَّ لِتَمُدَّ	لِيُمَدَّ	. .	.	لِتُمَدَّ
مُدَّنَّ	.	.	اُمْدُدْنَانِّ	لِتُمَدَّنَّ	.	.	لِتُمْدَدْنَانِّ
مُدَّنْ	-	.	.	لِتُمَدَّنْ	.	.	.
لِيَمُدَّنَّ	.	.	.	لِيُمَدَّنَّ	.	.	.
لِيَمُدَّنْ	.	.	.	لِيُمَدَّنْ	.	.	.
مَادٌّ + مَادَّانِ + مَادُّونَ + مَادَّةٌ + مَادَّتَانِ + مَادَّاتٌ				مَمْدُودٌ + مَمْدُودَانِ + مَمْدُودُونَ + مَمْدُودَةٌ + مَمْدُودَتَانِ + مَمْدُودَاتٌ			

اسی قیاس پر افعال اور افتعال وغیرہ چند ابواب کی صرف کبیر اپنی گردان لینی ضروری ہے

مہموز کی بحث

نصر ینصر	ضرب یضرب	سمع یسمع	فتح یفتح	فتح یفتح
أَكَلَ	أَسَرَ	أَنِفَ	سَأَلَ	قَرَأَ
يَأْكُلُ	يَأْسِرُ	يَأْنَفُ	يَسْأَلُ	يَقْرَأُ
أَكْلًا	أَسْرًا	أَنَفًا	سُؤَالًا	قِرَاءَةً
آكِلٌ	آسِرٌ	آنِفٌ	سَائِلٌ	قَارِئٌ
أُكِلَ	أُسِرَ	أُنِفَ	سُئِلَ	قُرِئَ
يُؤْكَلُ	يُؤْسَرُ	يُؤْنَفُ	يُسْأَلُ	يُقْرَأُ
مَأْكُولٌ	مَأْسُورٌ	مَأْنُوفٌ	مَسْؤُولٌ	مَقْرُوءٌ
كُلْ	اِيْسِرْ	اِيْنَفْ	اِسْأَلْ یا سَلْ	اِقْرَأْ
لَا تَأْكُلْ	لَا تَأْسِرْ	لَا تَأْنَفْ	لَا تَسْأَلْ	لَا تَقْرَأْ
مَأْكَلٌ	مَأْسَرٌ	مَأْنَفٌ	مَسْأَلٌ مَسْأَلَةٌ	مَقْرَأٌ
مِئْكَلٌ	مِئْسَرٌ	مِئْنَفٌ	مِسْأَلٌ	مِقْرَأٌ

ف: بہ نسبت معتل کے مہموز آسان ہے پڑھنا اور لکھنا سب معلوم ہو منہ سلمہ

قواعد مہموز

قاعدہ (۱) ایک ہمزہ ساکن کو حرکت ماقبل کے موافق حرف علت
بدل دینا جائز ہے یعنی ماقبل فتحہ ہو تو الف سے اور ضمہ ہو تو واو سے اور کسرہ
ہو تو ی سے جیسے یأمر یؤخذ مِئْمَر سے یامر یوخذ میمر۔
اسم آلہ ۱۲

قاعدہ (۲) ہمزہ ساکن ہو اور ماقبل اوسکے ہمزہ متحرک ہو تو دوسرے
ہمزہ کو حرکت ماقبل کے موافق حرف علت سے بدل دینا واجب ہے جیسے
آمر اُومر ایسر کہ اصل میں ءامر أءمر إءسر تھا۔
افعل التفضیل ۱۲ مضارع واحد متکلم ۱۲
اور اسی طرح باب افعال میں آمن اُومن ایمانا کہ اصل میں ءامن أءمن إءمانا تھا

قاعدہ (۳) کُل اور خُذ میں بخلاف قیاس دونوں ہمزوں کا
کثرت استعمال کے سبب سے حذف کردینا واجب ہے اور مُر میں جائز ہے اور صدر
کلام میں مُر افصح ہے جیسے مُروا صبیانکم اذا بلغوا سبعا۔
اور بحالت وصل ہمزہ کا لانا زیادہ فصیح ہے جیسے وأمر اھلک بالصلوٰۃ

قاعدہ (۴) ہمزہ متحرک ہو اور ماقبل اوسکا حرف صحیح ساکن تو جائز
ہے کہ حرکت ہمزہ کی ماقبل کو دیں اور ہمزہ کو تخفیفا حذف کریں جیسے یسأل سے
یسل یسلان یسلون اور اِسأل سے سل سلا سلوا۔

قاعدہ (۵) دو ہمزہ متحرک ہوں اور پہلا ہمزہ یا دوسرا ہمزہ مکسور ہو
تو دوسرے ہمزہ کا ی سے بدلنا واجب ہے جیسے جاءٍ کہ اصل میں جاءِءٌ تھا

دوسرا ہمزہ بموجب اس قاعدے کے یٰ ہو (ضمہ ی پر دشوار تھا ساکن کیا) یٰ اجتماع ساکنین کی خوبی سے گر گئی جائِیٌ ہوا اور اَئِمَّۃٌ سے اَیِمَّۃٌ۔

قاعدہ (۶) اور جو پہلا یا دوسرا مکسور نہ ہو تو واجب ہے دوسرے ہمزہ کا حذف کرنا جیسے أَأْكْرِمُ سے أُكْرِمُ یا واو سے بدل دینا جیسے أَأَمِرٌ سے (امر سے افعل التفضیل کا جمع) آوَامِرُ اور أَأَادِمُ سے آوَادِمُ (جمع آدم ۱۲) اور أُأْمِلُ سے أُوَمِّلُ۔

قاعدہ (۷) ہمزہ متحرک کے ماقبل واو یا ماقبل مضموم یا یای ماقبل مکسور ہو تو پہلی صورت میں ہمزہ کو واو سے اور دوسری صورت میں یٰ سے بدل کر ایک کو دوسرے میں ادغام کرنا جائز ہے جیسے مَقْرُوْأَۃٌ سے مَقْرُوَّۃٌ اور خَطِیْأَۃٌ سے خَطِیَّۃٌ۔

سوالات

س (۱) آخَرَ اور اَخَذَ اور اَکَلَ کا امر حاضر معروف با نون ثقیلہ و خفیفہ گردانو۔

ایضاً (۲) اَلِفَ اور آمِنَ کی صرف صغیر باب افعال سے گردانو۔

ایضاً (۳) اَنِسَ کو باب مفاعلت سے گردانو اور مضارع واحد متکلم کیا ہوگا۔

ایضاً (۴) اَجَرَ کو باب استفعال سے اور اَمَرَ کو باب افتعال سے گردانو۔

ایضاً (۵) اَنَّثَ کا مضارع واحد متکلم باب تفعیل سے کیا ہے۔

ایضاً (۶) اَکَلُّ افعل التفضیل کی جمع کیا ہے۔

ایضاً	۷	قرأ سے اسم مفعول کی جمع کیا ہی۔
ایضاً	۸	سأل کا مضارع اور امر کیا ہی۔
ایضاً	۹	شاء یشاء کا اسم فاعل کیا ہی۔
ایضاً	۱۰	أکل کی بحث نفی جحد بلم اور نفی تاکید بلن گردانو۔

مثال کی بحث

اس بحث مین صرف چار قاعدے یاد کر لینے کافی ہین۔

قاعدہ (۱) جو واو علامت مضارع مفتوح اور کسرے کے درمیان مین واقع ہو حذف ہو جاتا ہی اور یہ قاعدہ ہمیشہ مثال واوی مین جاری ہوتا ہی جو ضرب یضرب یا حسب یحسب یعنی مکسور العین مضارع سے آوے سمع یسمع مین جاری نہین ہو سکتا جیسے وَعَدَ یَعِدُ، وَمِقَ یَمِقُ کہ اصل مین یَوْعِدُ اور یَوْمِقُ تھا اور جب واو مضارع سے گر جاوے تو امر سے بھی گر جاتا ہی جیسے تَعِدُ تَعِدَانِ، تَعِدُوْنَ، سے عِدْ، عِدَا، عِدُوْا، عِدْنَ، عِدَانِّ، عِدُنَّ الخ مِقْ، مِقَا، مِقُوْا، لیکن امر حاضر مجہول اور مضارع مجہول اور سمع یسمع اور باب افعال کے مضارع معروف اور مجہول سے نہین گر سکتا جیسے لِتُوْعَدْ لِتُوْعَدَا لِتُوْعَدُوْا، یُوْمَقُ، یُوْمَقَانِ، یَوْجَلُ، یَوْجَلَانِ، یُوْعِدُ یُوْعِدَانِ، یُوْعِدُوْنَ، کیونکہ اول کی مثالون مین واو کے بعد کسرہ نہین ہی اور اخیر کی مثال مین علامت مضارع مفتوح نہین ہی۔

اور علی ہذا القیاس واو جب مضارع سے گرے تو مصدر سے بھی گر جائز ہی اور اوسکے عوض اخیر مین ت لائی جاتی ہی تاکہ کلمہ دو حرفی نرہجائے جیسے وصف سے صِفَۃٌ وَزنٌ سے زِنَۃٌ وَھَبٌ سے ھِبَۃٌ۔

سوال یَضَعُ یَضَعَانِ یَضَعُوْنَ یَسَعُ یَسَعَانِ یَسَعُوْنَ وغیرہ سے واو کیون گرا یہان بعد واو کے کسرہ کہان ہی۔

جواب وَضَعَ وَسَعَ وَدَعَ وغیرہ کا اصل مین مضارع مکسور العین تھا اس سبب سے واو گر گیا بعد اسکے لام کلمہ حرف حلقی ہونے کی رعایت سے فتحہ بفتحہ سے استعمال کیے گئے مگر وَذَرَ یَذَرُ شاذ ہی

قاعدہ (۲) واو ساکن بعد کسرے کے ی ہو جاتا ہی جیسے یُوجَلُ کا امر اِوْجَلْ سے اِیْجَلْ اور وَزَنَ کا اسم آلہ مِوْزَانٌ سے مِیْزَانٌ اور وصل کا مصدر استفعال اِسْتِوْصَالٌ سے اِسْتِیْصَالٌ اور وعد کا مصدر افعال اِوْعَادٌ سے اِیْعَادٌ۔

پس یاد رکھنا چاہیے کہ ف کلمے کی جگہ جو واو واقع ہوگا ان سب صیغون مین آکر ی ہو جائیگا۔

قاعدہ (۳) یای ساکن بعد ضمے کے واو ہو جاتی ہی جیسے یَیْسِرُ مثال یائی کا مضارع مجہول یُوْسَرُ اور اَیْسَرَ اور اِسْتَیْسَرَ کا ماضی مجہول اُوْسِرَ اور اُسْتُوْسِرَ اور مضارع اور اسم فاعل اور اسم مفعول

اَبۡسَرَ کا یُوۡبِسَرُ اور مُوۡبِسِرٌ۔

قاعدہ (۴) مثال واوی اور یائی کو باب افتعال میں لیجانے سے واو و ی ت سے بدل جاتے ہیں اور ت ت میں ادغام ہوجاتی ہے جیسے اِوۡتَخَذَ سے اِتَّخَذَ یَتَّخِذُ اِتِّخَادًا اَیۡتَسَرَ سے اِتَّسَرَ یَتَّسِرُ اِتِّسَارًا مگر جو ی ہمزہ سے بدلی ہوئی ہو وہ ت نہیں ہوتی جیسے اکل سے ایتکل اَمِنَ سے ایتمن ہوگا نہ اِتَّکَلَ اور اِتَّمَنَ مگر اَخَذَ سے اِتَّخَذَ یَتَّخِذُ اِتِّخَاذًا شاذ ہے صرف صغیر مثال کے ابواب کی یہ ہے اور مثال کا کوئی باب نَصَرَ یَنۡصُرُ سے نہیں آیا۔

باب ضرب	باب سمع	باب فتح	افعال		استفعال		افتعال	
			واوی	یائی	واوی	یائی	واوی	یائی
وصف	وجل	وَهَبَ	اوجد	ایقن	استوجب	استیقظ	اِتَّصَلَ	اِتَّسَرَ
یصف	یوجَلُ	یَهَبُ	یُوجِد	یُوقِن	یستوجب	یستیقظ	یَتَّصِلُ	یَتَّسِرُ
صِفَةً	وَجلًا	هِبَةً	ایجادًا	ایقانًا	استیجابًا	استیقاظًا	اِتِّصالًا	اِتِّسارًا
وَاصِفٌ	واجِلٌ	وَاهِبٌ	موجد	موقن	مستوجب	مستیقظ	متصل	مُتَّسِرٌ
وُصِفَ	وُجِلَ	وُهِبَ	اُوجِدَ	اوقن	اُستوجِبَ	اُستوقِظَ	اُتُّصِلَ	اُتُّسِرَ
یُوصَفُ	یوجل	یُوهَبُ	یُوجَد	یُوقَن	یُستوجَب	یُستیقَظ	یُتَّصَلُ	یُتَّسَرُ
صِفَةً	وَجلًا	هِبَةً	ایجادًا	ایقانًا	اِستیجابًا	اِستیقاظًا	اِتِّصالًا	اِتِّسارًا
مَوصُوفٌ	موجولٌ	مَوهُوبٌ	مُوجَد	موقن	مستوجَبٌ	مستیقظ	متَّصَلٌ	مُتَّسَرٌ
صِفْ	اِیجَلْ	هَبْ	اَوجِدْ	ایقن	اَستوجب	استیقظ	اِتَّصِلْ	اِتَّسِرْ
لاتَصِفْ	لاتوجَلْ	لاتَهَبْ	لاتُوجِدْ	لاتُوقِنْ	لاتستوجب	لاتستیقظ	لاتتصل	لاتَتَّسِرْ

اور واضح ہو کہ مصدر اکثر مکسور العین مثال واوی کا بعد تعلیل کے مکسور العین ہوتا ہے جیسے صِفَۃٌ ہِبَۃٌ مگر کبھی مجاورت حرف حلقی کے سبب مفتوح العین بھی آجاتا ہے جیسے سَعَۃٌ دَعَۃٌ۔

سوال (۱) علی حدہٖ کیا صیغہ ہے۔
(۲) وَعد کا اسم آلہ کیا ہے۔
(۳) یمن کا باب افعال سے اسم فاعل اور مضارع کیا ہے۔
(۴) یسر کا امر حاضر مجہول اور افعال سے ماضی مجہول کیا ہے۔
(۵) وسم کا سمع یسمع اور کرم یکرم اور حسب یحسب سے امر اور مصدر کیا ہے
(۶) وجہ اور یقین کا افتعال اور استفعال گردانو۔

اجوف کی بحث

اس بحث میں کل دس گیارہ تعلیلیں صیغہائے مفصلۂ ذیل کی یاد کرلینی کافی ہیں اور یائی کا واوی پر قیاس ہو سکتا ہے قَالَ[۱] قِیلَ[۲] قُلْنَ[۳] خِفْنَ[۴] یَقُولُ[۵] یُقَالُ[۶] قُلْ[۷] قَائِلٌ[۸] مَبِیعٌ[۹] اَقَامَۃٌ[۱۰]۔

تعلیل عبارت ہے حرف علت کی ثقالت دور کرنے سے۔

اور عام قاعدہ اسکا کہ سب صورتوں کو شامل ہو بحث معتل کے آخر میں لکھا جائیگا نصر ینصر اور کرم یکرم سے صرف اجوف واوی آتی ہے اجوف یائی نہیں آتی اور ضرب یضرب سے فقط اجوف یائی آتی ہے اجوف واوی نہیں

آتی اور سمع یسمع سے اجوف واوی اور یائی دونوں آتی ہیں۔

صرف کبیر

نصر ینصر	ضرب یضرب	سمع یسمع	
قَالَ	بَاعَ	خَافَ	اصل میں قَوَلَ بَیَعَ خَوِفَ تھا واو یا متحرک بعد فتحے کے الف ہوگیا۔
قَالَا	بَاعَا	خَافَا	//
قَالُوا	بَاعُوا	خَافُوا	//
قَالَتْ	بَاعَتْ	خَافَتْ	//
قَالَتَا	بَاعَتَا	خَافَتَا	//
قُلْنَ	بِعْنَ	خِفْنَ	قَوَلْنَ بَیَعْنَ خَوِفْنَ تھا واو یا
قُلْتَ	بِعْتَ	خِفْتَ	متحرک بعد فتحے کے الف ہوکر اجتماع
قُلْتُمَا	بِعْتُمَا	خِفْتُمَا	ساکنین سے گر گیا قُلْنَ میں ق کو پیش دیا
قُلْتُمْ	بِعْتُمْ	خِفْتُمْ	تاکہ معلوم ہو کہ عین کلمہ واو
قُلْتِ	بِعْتِ	خِفْتِ	تھا جو حذف ہوا ہے اور بِعْنَ میں
قُلْتُمَا	بِعْتُمَا	خِفْتُمَا	زیر دیا تا معلوم ہو کہ ی حذف ہوئی
قُلْتُنَّ	بِعْتُنَّ	خِفْتُنَّ	ہے اور خِفْنَ میں بھی زیر دیا تاکہ معلوم
قُلْتُ	بِعْتُ	خِفْتُ	ہو کہ عین کلمہ مکسور تھا آخر بحث تک
قُلْنَا	بِعْنَا	خِفْنَا	یہی تعلیل ہے۔

ماضی مجہول

قِیْلَ	بِیْعَ	خِیْفَ	اصل میں قُوِلَ + بُیِعَ + خُوِفَ تھا
قِیْلَا	بِیْعَا	خِیْفَا	کسرہ + واو + ی + پر دشوار تھا ماقبل کی حرکت
قِیْلُوْا	بِیْعُوْا	خِیْفُوْا	دور کرکے ماقبل کو دیا بِیْعَ ہوا
قِیْلَتْ	بِیْعَتْ	خِیْفَتْ	واو بعد کسرہ کے ی ہوگیا
قِیْلَتَا	بِیْعَتَا	خِیْفَتَا	قِیْلَ + خِیْفَ ہوا۔
قُلْنَ	بِعْنَ	خِفْنَ	قُوِلْنَ + بُیِعْنَ + خُوِفْنَ میں کسرہ واو + ی پر دشوار
قُلْتَ	بِعْتَ	خِفْتَ	تھا قُلْنَ میں ساکن کیا اور بُیِعْنَ خُوِفْنَ میں ماقبل کو
قُلْتُمَا	بِعْتُمَا	خِفْتُمَا	دیا واو اور ی اجتماع ساکنین سے گر گیا یہاں سے آخر بحث
قُلْتُمْ	بِعْتُمْ	خِفْتُمْ	تک یہی ایک تعلیل ہے۔
قُلْتِ	بِعْتِ	خِفْتِ	
قُلْتُمَا	بِعْتُمَا	خِفْتُمَا	
قُلْتُنَّ	بِعْتُنَّ	خِفْتُنَّ	
قُلْتُ	بِعْتُ	خِفْتُ	
قُلْنَا	بِعْنَا	خِفْنَا	

مضارع معروف

يقول	يبيع	يخاف	يَقْوُلُ + يَبْيِعُ + يَخْوَفُ مین واو ی
يقولان	يبيعان	يخافان	متحرک ماقبل اوسکا حرف صحیح ساکن حرکت واو ی
يقولون	يبيعون	يخافون	کی ماقبل کو دی يَقُوْلُ + يَبِيْعُ ہوا—
تقول	تبيع	تخاف	يَخْوَفُ مین واو اصل مین متحرک تھا اب ماقبل
تقولان	تبيعان	تخافان	اوسکا مفتوح ہوا واو کو بعد فتحے کے الف سے بدلا
يقلن	يبعن	يَخَفْنَ	سوائے جمع مؤنث غائب اور حاضر کے
تقول	تبيع	تخاف	باقی سب صیغون کی یہی تعلیل ہی—
تقولان	تبيعان	تخافان	ان دونون صیغون مین صرف اتنا زیادہ ہوا ہی
تقولون	تبيعون	تخافون	کہ حرکت واو ی کی ماقبل کو دی واو ی اجتماع
تقولين	تبيعين	تخافين	ساکنین سے گر گئے—
تقولان	تبيعان	تخافان	يَقْوُلْنَ يَبْيِعْنَ يَخْوَفْنَ سے يَقُلْنَ
تقلن	تبعن	تخفن	يَبِعْنَ يَخَفْنَ رہا و علی ہذا القیاس تقلن
اقول	ابيع	اخاف	تبعن تخفن—
نقول	نبيع	نخاف	

مضارع مجہول

یُقَالُ	یُبَاعُ	یُخَافُ	سب تعلیل یخاف معروف کی سی ہے۔ یعنی یُقْوَلُ
یقالان	یباعان	یخافان	یُبْیَعُ یُخْوَفُ میں حرکت واو ی کی ماقبل کو دی اور
یُقالون	یباعون	یخافون	ی اصل میں متحرک تھا اب بسبب فتحہ ماقبل کے الف ہوگیا۔
تقال	تباع	تخاف	تعلیل مثل یخافُ معروف کے ہوئی۔
تقالان	تباعان	تخافان	
یقلن	یُبعْنَ	یُخفنَ	تعلیل مثل معروف یخفن کے ہوئی۔
٠	٠	٠	
٠	٠	٠	
تقالون	تُباعُونَ	تخافون	
تقالین	تباعین	تخافین	
٠	٠	٠	
تُقلنَ	تُبعنَ	تخفن	
اقال	اباع	اخاف	
نقال	نباع	نخاف	

نفی تاکید بلن در فعل مستقبل

معروف			مجهول		
لَنْ يَّقُوْلَ	لَنْ يَّبِيْعَ	لَنْ يَّخَافَ	لَنْ يُّقَالَ	لَنْ يُّبَاعَ	لَنْ يُّخَافَ
لَنْ يَّقُوْلَا	لَنْ يَّبِيْعَا	لَنْ يَّخَافَا	لَنْ يُّقَالَا	لَنْ يُّبَاعَا	لَنْ يُّخَافَا
لَنْ يَّقُوْلُوْا	لَنْ يَّبِيْعُوْا	لَنْ يَّخَافُوْا	لَنْ يُّقَالُوْا	لَنْ يُّبَاعُوْا	لَنْ يُّخَافُوْا
لَنْ تَقُوْلَ	لَنْ تَبِيْعَ	لَنْ تَخَافَ	لَنْ تُقَالَ	لَنْ تُبَاعَ	لَنْ تُخَافَ
لَنْ تَقُوْلَا	لَنْ تَبِيْعَا	لَنْ تَخَافَا	لَنْ تُقَالَا	لَنْ تُبَاعَا	لَنْ تُخَافَا
لَنْ يَّقُلْنَ	لَنْ يَّبِعْنَ	لَنْ يَّخَفْنَ	لَنْ يُّقَلْنَ	لَنْ يُّبَعْنَ	لَنْ يُّخَفْنَ
لَنْ تَقُوْلَ	لَنْ تَبِيْعَ	لَنْ تَخَافَ	لَنْ تُقَالَ	لَنْ تُبَاعَ	لَنْ تُخَافَ
لَنْ تَقُوْلَا	لَنْ تَبِيْعَا	لَنْ تَخَافَا	لَنْ تُقَالَا	لَنْ تُبَاعَا	لَنْ تُخَافَا
لَنْ تَقُوْلُوْا	لَنْ تَبِيْعُوْا	لَنْ تَخَافُوْا	لَنْ تُقَالُوْا	لَنْ تُبَاعُوْا	لَنْ تُخَافُوْا
لَنْ تَقُوْلِيْ	لَنْ تَبِيْعِيْ	لَنْ تَخَافِيْ	لَنْ تُقَالِيْ	لَنْ تُبَاعِيْ	لَنْ تُخَافِيْ
لَنْ تَقُوْلَا	لَنْ تَبِيْعَا	لَنْ تَخَافَا	لَنْ تُقَالَا	لَنْ تُبَاعَا	لَنْ تُخَافَا
لَنْ تَقُلْنَ	لَنْ تَبِعْنَ	لَنْ تَخَفْنَ	لَنْ تُقَلْنَ	لَنْ تُبَعْنَ	لَنْ تُخَفْنَ
لَنْ اَقُوْلَ	لَنْ اَبِيْعَ	لَنْ اَخَافَ	لَنْ اُقَالَ	لَنْ اُبَاعَ	لَنْ اُخَافَ
لَنْ نَّقُوْلَ	لَنْ نَّبِيْعَ	لَنْ نَّخَافَ	لَنْ نُّقَالَ	لَنْ نُّبَاعَ	لَنْ نُّخَافَ.

نفی جحد بلم

معروف			مجہول		
لم يقل	لم يبع	لم يخف	لم يُقل	لم يُبع	لم يُخف
لم يقولا	لم يبيعا	لم يخافا	لم يُقالا	لم يُباعا	لم يُخافا
لم يقولوا	لم يبيعوا	لم يخافوا	لم يُقالوا	لم يُباعوا	لم يُخافوا
لم تقل	لم تبع	لم تخف	لم تُقل	لم تُبع	لم تُخف
لم تقولا	لم تبيعا	لم تخافا	لم تُقالا	لم تُباعا	لم تُخافا
لم يقلن	لم يبعن	لم يخفن	لم يُقلن	لم يُبعن	لم يُخفن
لم تقل	لم تبع	لم تخف	لم تُقل	لم تُبع	لم تُخف
لم تقولا	لم تبيعا	لم تخافا	لم تُقالا	لم تُباعا	لم تُخافا
لم تقولوا	لم تبيعوا	لم تخافوا	لم تُقالوا	لم تُباعوا	لم تُخافوا
لم تقولي	لم تبيعي	لم تخافي	لم تُقالي	لم تُباعي	لم تخافي
لم تقولا	لم تبيعا	لم تخافا	لم تقالا	لم تباعا	لم تخافا
لم تقلن	لم تبعن	لم تخفن	لم تقلن	لم تُبعن	لم تخفن
لم أقل	لم أبع	لم أخف	لم أُقل	لم أُبع	لم أُخف
لم نقل	لم نبع	لم نخف	لم نُقل	لم نُبع	لم نُخف

لام تاکید با نون ثقیلہ

معروف			مجہول		
لَيَقُولَنَّ	لَيَبِيعَنَّ	لَيَخَافَنَّ	لَيُقَالَنَّ	لَيُبَاعَنَّ	لَيُخَافَنَّ
لَيَقُولَانِّ	لَيَبِيعَانِّ	لَيَخَافَانِّ	لَيُقَالَانِّ	لَيُبَاعَانِّ	لَيُخَافَانِّ
لَيَقُولُنَّ	لَيَبِيعُنَّ	لَيَخَافُنَّ	لَيُقَالُنَّ	لَيُبَاعُنَّ	لَيُخَافُنَّ
لَتَقُولَنَّ	لَتَبِيعَنَّ	لَتَخَافَنَّ	لَتُقَالَنَّ	لَتُبَاعَنَّ	لَتُخَافَنَّ
لَتَقُولَانِّ	لَتَبِيعَانِّ	لَتَخَافَانِّ	لَتُقَالَانِّ	لَتُبَاعَانِّ	لَتُخَافَانِّ
لَيَقُلْنَانِّ	لَيَبِعْنَانِّ	لَيَخَفْنَانِّ	لَيُقَلْنَانِّ	لَيُبِعْنَانِّ	لَيُخَفْنَانِّ
لَتَقُولَنَّ	لَتَبِيعَنَّ	لَتَخَافَنَّ	لَتُقَالَنَّ	لَتُبَاعَنَّ	لَتُخَافَنَّ
لَتَقُولَانِّ	لَتَبِيعَانِّ	لَتَخَافَانِّ	لَتُقَالَانِّ	لَتُبَاعَانِّ	لَتُخَافَانِّ
لَتَقُولُنَّ	لَتَبِيعُنَّ	لَتَخَافُنَّ	لَتُقَالُنَّ	لَتُبَاعُنَّ	لَتُخَافُنَّ
لَتَقُولِنَّ	لَتَبِيعِنَّ	لَتَخَافِنَّ	لَتُقَالِنَّ	لَتُبَاعِنَّ	لَتُخَافِنَّ
لَتَقُولَانِّ	لَتَبِيعَانِّ	لَتَخَافَانِّ	لَتُقَالَانِّ	لَتُبَاعَانِّ	لَتُخَافَانِّ
لَتَقُلْنَانِّ	لَتَبِعْنَانِّ	لَتَخَفْنَانِّ	لَتُقَلْنَانِّ	لَتُبَعْنَانِّ	لَتُخَفْنَانِّ
لَأَقُولَنَّ	لَأَبِيعَنَّ	لَأَخَافَنَّ	لَأُقَالَنَّ	لَأُبَاعَنَّ	لَأُخَافَنَّ
لَنَقُولَنَّ	لَنَبِيعَنَّ	لَنَخَافَنَّ	لَنُقَالَنَّ	لَنُبَاعَنَّ	لَنُخَافَنَّ

	لام تاکید بانون خفیفہ				
معروف			مجہول		
لیقولن	لیبیعن	لیخافن	لیقالن	لیباعن	لیخافن
لیقولُنْ	لیبیعُنْ	لیخافُنْ	لیقالُنْ	لیباعُنْ	لیخافُنْ
لتقولَنْ	لتبیعَنْ	لتخافَنْ	لتقالَنْ	لتباعَنْ	لتخافَنْ
لتقولَنْ	لتبیعَنْ	لتخافَنْ	لتقالَنْ	لتباعَنْ	لتخافَنْ
لتقولُنْ	لتبیعُنْ	لتخافُنْ	لتقالُنْ	لتباعُنْ	لتخافُنْ
لتقولِنْ	لتبیعِنْ	لتخافِنْ	لتقالِنْ	لتباعِنْ	لتخافِنْ
لاقولن	لابیعَنْ	لاخافَنْ	لاُقالَنْ	لاُباعَنْ	لاُخافَنْ
لنقولن	لنبیعَنْ	لنخافَنْ	لنُقالَنْ	لنُباعَنْ	لنُخافَنْ

امر حاضر معروف

قُلْ	قُولَنَّ	قُولَنْ	بِعْ	بِيعَنَّ	بِيعَنْ	خَفْ	خَافَنَّ	خَافَنْ
قُولَا	قُولَانِّ	۔	بِيعَا	بِيعَانِّ	۔	خَافَا	خَافَانِّ	۔
قُولُوا	قُولُنَّ	قُولُنْ	بِيعُوا	بِيعُنَّ	بِيعُنْ	خَافُوا	خَافُنَّ	خَافُنْ
قُولِي	قُولِنَّ	قُولِنْ	بِيعِي	بِيعِنَّ	بِيعِنْ	خَافِي	خَافِنَّ	خَافِنْ
قُولَا	قُولَانِّ	۔	بِيعَا	بِيعَانِّ	۔	خَافَا	خَافَانِّ	۔
قُلْنَ	قُلْنَانِّ	۔	بِعْنَ	بِعْنَانِّ	۔	خَفْنَ	خَفْنَانِّ	۔

[illegible]

امر حاضر مجهول

لِتُقَلْ	لِتُقَالَنَّ	لِتُقَالَنْ	لِتُبَعْ	لِتُبَاعَنَّ	لِتُبَاعَنْ	لِتُخَفْ	لِتُخَافَنَّ	لِتُخَافَنْ
لِتُقَالَا	لِتُقَالَانِّ	۔	لِتُبَاعَا	لِتُبَاعَانِّ	۔	لِتُخَافَا	لِتُخَافَانِّ	۔
لِتُقَالُوا	لِتُقَالُنَّ	لِتُقَالُنْ	لِتُبَاعُوا	لِتُبَاعُنَّ	لِتُبَاعُنْ	لِتُخَافُوا	لِتُخَافُنَّ	لِتُخَافُنْ
لِتُقَالِي	لِتُقَالِنَّ	لِتُقَالِنْ	لِتُبَاعِي	لِتُبَاعِنَّ	لِتُبَاعِنْ	لِتُخَافِي	لِتُخَافِنَّ	لِتُخَافِنْ
لِتُقَالَا	لِتُقَالَانِّ	۔	لِتُبَاعَا	لِتُبَاعَانِّ	۔	لِتُخَافَا	لِتُخَافَانِّ	۔
لِتُقَلْنَ	لِتُقَلْنَانِّ	۔	لِتُبَعْنَ	لِتُبَعْنَانِّ	۔	لِتُخَفْنَ	لِتُخَفْنَانِّ	۔

امرِ غائب ومتکلم معروف

لِيَقْتُلْ	لِيَقْتُلَنَّ	لِيَقْتُلَنْ	لِيَسَعْ	لِيَسَعَنَّ	لِيَسَعَنْ	لِيَخْفَ	لِيَخْفَيَنَّ	لِيَخْفَيَنْ
لِيَقْتُلَا	لِيَقْتُلَانِّ	.	لِيَسَعَا	لِيَسَعَانِّ	.	لِيَخْفَيَا	لِيَخْفَيَانِّ	.
لِيَقْتُلُوا	لِيَقْتُلُنَّ	لِيَقْتُلُنْ	لِيَسَعُوا	لِيَسَعُنَّ	لِيَسَعُنْ	لِيَخْفَوْا	لِيَخْفَوُنَّ	لِيَخْفَوُنْ
لِتَقْتُلْ	لِتَقْتُلَنَّ	لِتَقْتُلَنْ	لِتَسَعْ	لِتَسَعَنَّ	لِتَسَعَنْ	لِتَخْفَ	لِتَخْفَيَنَّ	لِتَخْفَيَنْ
لِتَقْتُلَا	لِتَقْتُلَانِّ	.	لِتَسَعَا	لِتَسَعَانِّ	.	لِتَخْفَيَا	لِتَخْفَيَانِّ	.
لِيَقْتُلْنَ	لِيَقْتُلْنَانِّ	.	لِيَسَعْنَ	لِيَسَعْنَانِّ	.	لِيَخْفَيْنَ	لِيَخْفَيْنَانِّ	.
لِأَقْتُلْ	لِأَقْتُلَنَّ	لِأَقْتُلَنْ	لِأَسَعْ	لِأَسَعَنَّ	لِأَسَعَنْ	لِأَخْفَ	لِأَخْفَيَنَّ	لِأَخْفَيَنْ
لِنَقْتُلْ	لِنَقْتُلَنَّ	لِنَقْتُلَنْ	لِنَسَعْ	لِنَسَعَنَّ	لِنَسَعَنْ	لِنَخْفَ	لِنَخْفَيَنَّ	لِنَخْفَيَنْ

امرِ غائب و متکلم مجہول

لِیُقَلْ	لِیُقَالَا	لِیُقَالُوْا	لِتُقَلْ	لِتُقَالَا	لِیُقَلْنَ	لِاُقَلْ	لِنُقَلْ
لِیُقَالَنَّ	لِیُقَالَانِّ	لِیُقَالُنَّ	لِتُقَالَنَّ	لِتُقَالَانِّ	لِیُقَلْنَانِّ	لَاُقَالَنَّ	لِنُقَالَنَّ
لِیُقَالَنْ	.	لِیُقَالُنْ	لِتُقَالَنْ	.	.	لَاُقَالَنْ	لِنُقَالَنْ
لِیُبَعْ	لِیُبَاعَا	لِیُبَاعُوْا	لِتُبَعْ	لِتُبَاعَا	لِیُبَعْنَ	لِاُبَعْ	لِنُبَعْ
لِیُبَاعَنَّ	لِیُبَاعَانِّ	لِیُبَاعُنَّ	لِتُبَاعَنَّ	لِتُبَاعَانِّ	لِیُبَعْنَانِّ	لَاُبَاعَنَّ	لِنُبَاعَنَّ
لِیُبَاعَنْ	.	لِیُبَاعُنْ	لِتُبَاعَنْ	.	.	لَاُبَاعَنْ	لِنُبَاعَنْ
لِیُخَفْ	لِیُخَافَا	لِیُخَافُوْا	لِتُخَفْ	لِتُخَافَا	لِیُخَفْنَ	لِاُخَفْ	لِنُخَفْ
لِیُخَافَنَّ	لِیُخَافَانِّ	لِیُخَافُنَّ	لِتُخَافَنَّ	لِتُخَافَانِّ	لِیُخَفْنَانِّ	لَاُخَافَنَّ	لِنُخَافَنَّ
لِیُخَافَنْ	.	لِیُخَافُنْ	لِتُخَافَنْ	.	.	لَاُخَافَنْ	لِنُخَافَنْ

نہی حاضر معروف

لا تفعل	لا تفعلنّ	لا تفعلن	لا تبع	لا تبیعنّ	لا تبیعن	لا تخف	لا تخافنّ	لا تخافن
لا تفعلا	لا تفعلانّ	.	لا تبیعا	لا تبیعانّ	.	لا تخافا	لا تخافانّ	.
لا تفعلوا	لا تفعلُنّ	لا تفعلُن	لا تبیعوا	لا تبیعُنّ	لا تبیعُن	لا تخافوا	لا تخافُنّ	لا تخافُن
لا تفعلی	لا تفعلِنّ	لا تفعلِن	لا تبیعی	لا تبیعِنّ	لا تبیعِن	لا تخافی	لا تخافِنّ	لا تخافِن
لا تفعلا	لا تفعلانّ	.	لا تبیعا	لا تبیعانّ	.	لا تخافا	لا تخافانّ	.
لا تفعلن	لا تفعلنانّ	.	لا تبعن	لا تبعنانّ	.	لا تخفن	لا تخفنانّ	.

گردان نہی حاضر مجہول اور غائب و متکلم معروف و مجہول کی مثل امر حاضر مجہول اور غائب و متکلم معروف و مجہول کے ہی صرف لام مکسور کی جگہ لا لگا دیا جاتا ہے نہی کی بھی باقی گردان اسی قیاس پر مع نون ثقیلہ و خفیفہ گردان لینی ضرور ہے ـــــ

اسم فاعل

قائلٌ	بائعٌ	خائفٌ	۱؎ اصل میں قاوِلٌ + بایِعٌ + خاوِفٌ تھا واو + ی + حکم طرف میں آکر بعد الف زائد کے ہمزہ سے بدل گیا قائِلٌ + بائِعٌ + خائِفٌ ہوا ۱۲
قائلانِ	بائعانِ	خائفانِ	
قائلون	بائعون	خائفون	
قائلۃٌ	بائعۃٌ	خائفۃٌ	
قائلتانِ	بائعتانِ	خائفتانِ	
قائلاتٌ	بائعاتٌ	خائفاتٌ	

اسم مفعول

